سید محمد یونس بخاری

میرے آقا، میرے مولا رحمۃ اللعالمین ﷺ

الصلوٰۃ والسّلام اے سرور دنیا و دیں
الصلوٰۃ والسّلام اے منبع صدق و یقیں
الصلوٰۃ والسّلام اے مظہر نور مبیں
الصلوٰۃ والسلام اے ناز رب العالمیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

آپ سے پہلے جہانِ آدمی کچھ اور تھا
باعث سرمستی و وارفتگی کچھ اور تھا
منبع خوش بختی و تابندگی کچھ اور تھا
ظلمت شب کی طرح تھی تیرہ بختی جاگزیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

جس نے اس تصویر میں رنگ حقیقت بھر دیا
چشمۂ بے نور میں نور بصیرت بھر دیا
آدمی کے دل میں جذب آدمیت بھر دیا
آپ ہیں ان رفعتوں کے تاجور مہر مبیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

آپ ہیں اس گلشن توحید کی خوش کن بہار
آپ ہیں ملک رسالت کے شہہِ عالی وقار
شاہد خوباں ہیں اور محبوبِ رب کردگار
غمگسار عاصیاں جز آپ کے کوئی نہیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

جب عزائم مضمحل ہوں ، دامنِ دل ہو فگار
آپ کا اسم گرامی بخش دیتا ہے قرار
آپ سے توقیرِ انساں ، آپ سے رنگِ بہار
محشر ہستی نگاہِ پاک سے حُسن آفریں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

آپ کے در سے ملا جو کچھ ملا جس کو ملا
خوب برسی آپ کی بارانِ رحمت کی گھٹا
آپ کے لطف و کرم کی انتہا بے انتہا
آپ کے مرہون ہیں یہ آسماں اور یہ زمیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

اس جہانِ رنگ و بو میں آپ کا ہمسر نہیں
باطن و ظاہر نہیں ہے ، اوّل و آخر نہیں
آپ کی الفت سے بڑھ کر کوئی مال و زر نہیں
آپ سا خیر البشر کوئی نہیں کوئی نہیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

یا شفیع المذنبیں یا حضرتِ خیر الانام
یا حبیب کبریا لے لیجیے میرا سلام
یا رؤف یا رحیم ، لا خلاف لا کلام
باعث ایجاد عالم آپ ختم المرسلیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں

السلام اے سرور کونین وجہِ دو جہاں
السلام اے صاحب لولاک روح کن فکاں
السلام اے باعث تسکین قلب عاشقاں
السلام اے محترم بر آسماں اندر زمیں
میرے آقا میرے مولا رحمۃ اللعالمیں